© rasailojaraid.com



الفاظ میں اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے۔ کتاب کا سب سے قیمتی باب تصنیفات و تالیفات ہے جس میں اُن کے علمی کارناموں کا بیان ملتا ہے۔

طباعت و کتابت نہایت عمدہ اور ناشر کے معیار کے عین مطابق۔

**ماہنامہ روحانی دنیا** | مرتبہ سید محمد تقی ایڈووکیٹ لکھنؤ (بھارت)

مقام اشاعت: مکتبہ "روحانی دنیا" ہیوٹ روڈ، لکھنؤ۔ چندہ سالانہ۔ سات روپے فی جلد دس آنے۔

زیر تبصرہ شمارہ اس ماہنامے کا پہلا نمبر ہے۔ اس میں فاضل مصنف نے گہرے دلی جذبات کے ساتھ پیشۂ وکالت کو ترک کرنے کے وجوہ پر بحث کی ہے۔ اس داستان کے ہر لفظ سے ایک زندہ اور حساس دل کی کیفیات واضح ہوتی ہیں اور پڑھنے والے کو اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ ضمیر اگر جاگ رہا ہو تو اسے ہر قدم پر "کرب و بلا" کے کن معرکوں سے سابقہ پیش آتا ہے۔ ایک انسان مکر و فریب، چالاکی، عیاری اور چرب زبانی سے دوسروں کا منہ تو بند کر سکتا ہے لیکن اپنے اُس دل کو کبھی مطمئن نہیں کر سکتا جس میں زندگی کی کوئی رمق بھی موجود ہو۔ پورا شمارہ ماحول اور ضمیر کی اسی کشمکش کے بیان پر مشتمل ہے اسی سلسلہ میں فاضل مصنف کے تاثرات ملاحظہ فرمائیں:

"ہر کامیابی کے بعد مجھے بجائے خوشی کے پچھتانا پڑتا تھا اور عرصہ تک سوچتا رہتا تھا کہ میں نے ایسا کیوں کیا؟ محض روپیہ کی خاطر۔ ورنہ اصل معاملہ سے میرا کیا تعلق تھا اور یہ خیال میرے دل میں ایک طرح کی کڑھن اور کسک پیدا کر دیتا تھا کہ دیکھیے محض روپیہ کے لیے ہم نے جائز کا ناجائز، ناحق کا حق کر دکھایا ...

اسی درمیان میں اللہ تعالیٰ نے عربی پڑھنے کا ایک موقع نصیب فرمایا ...

... خدا کا شکر ہے، تین برس میں ان حضرات نے مجھ ناچیز کو اس قابل بنا دیا کہ قرآن مجید کا مفہوم سمجھنے لگا۔ اس کے بعد تو یہ حال ہوا کہ وکالت کے ساتھ نماز بھی منافقت

© rasailojaraid.com